فلمستان لمیٹڈ کا بہترین و نایاب شاہکار

शर्त

شرط

اداکارات

شیاما - دیپک - ششی کلا -
موہنا وغیرہ وغیرہ
میوزک - ہیمنت کمار

قیمت
ار

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

شہرہ کے گانے

دل میرا ہے دیوانہ دیوانہ محبت کا ۔ ایک شمع کا پروانہ ۔ پروانہ محبت کا
رُت یہ سُہانی پیارا زمانہ ۔ دُنیا کے غم سے دل ہے بیگانہ
ہونٹوں پہ ہے افسانہ ۔ افسانہ محبت کا ۔ دل ۔۔
بھولا مسافر بہکی نگاہیں ۔ کھوج رہی ہیں پیار کی راہیں ۔
آنکھوں میں ہے میخانہ ۔ میخانہ محبت کا ۔ دل ۔۔۔۔۔۔

کامنی :۔

نمبر ۲

نہ یہ چاند ہوگا نہ تارے رہیں گے ۔ مگر ہم ہمیشہ تمہارے رہیں گے ۔ نہ ۔
نظر ڈھونڈتی تھی جسے پا لیا ہے ۔ اُمیدوں کے پھولوں سے دامن بھرا ہے
یہ دن ہم کو سب دن سے پیارے رہیں گے ۔ نہ یہ چاند ہوگا ۔۔
کہوں کیا میرے دل کا ارمان کیا ہے ۔ تمہیں ہر گھڑی چومنا چاہتا ہے
کہاں تک بھلا دل کے مارے رہیں گے ۔ نہ یہ چاند ہوگا ۔۔۔
سہارا ملے جو تمہاری ہنسی کا ۔ بھلا دینگے ہم سارا غم زندگی کا ۔
تمہارے لئے ہیں تمہارے رہیں گے ۔ نہ یہ چاند ۔۔۔۔

نمبر ۳

پیا میں تو ہوئی باوری ۔ اکھیاں توری جادو بھری ۔ میں تو ہوئی ۔۔۔
پیا میں تو ہوئی باوری ۔۔۔

مرے نرم کریجوا پہ چبھ گئی سوئی رے ۔ ہائے رے ہائے ہوئی باوری ۔
بھائی من کو صورت تیری سانوری رے سانوری ۔ میں تو ہوئی ....
دل کی لگی موری جانی نا تم نے ۔ تڑپے رے مورا جیا ۔
لاج کی ماری میں کچھ نا بولی ۔ آنکھوں نے سب کہہ دیا
تری چھبیلی ادا پہ پیا میں مری رے میں مری ۔ میں تو ہوئی .....
رت آئی رے پیار کی آئی رے ۔ چھوں اور جوانی چھائی رے چھائی رے
مرے من میں بجے ہے میٹھی بانسری رے بانسری ۔ میں تو ہوئی ....

نمبر

دیکھو وہ چاند چھپ کے کرتا ہے کیا اشارے
شاید یہ کہہ رہے ہیں ہم ہو گئے تمہارے ۔ دیکھو...
الفت کا آج ہم نے اقرار کر لیا ہے
لیکن یہ کون جانے قسمت میں کیا لکھا ہے
منزل کو چل پڑے ہیں تقدیر کے سہارے ۔ دیکھو .....
ایسا نہ ہو کہ ہم کو رستے میں چھوڑ جاؤ ۔ جا کر کہیں کسی کی دنیا نئی بساؤ
منجدھار میں رہیں ہم لگ جاؤ تم کنارے ۔ دیکھو...
دل میں سوا تمہارے کوئی نہیں ہمارے
یہ اپنے دل سے پوچھو کیا دل میں ہے تمہارے
دیں گے میری گواہی قدرت کے یہ نظارے ۔ دیکھو .....

نمبر ۵

غیروں کو اس طرح سے نہ بار بار دیکھ
پہلو میں تیرے بھی ہے کوئی بیقرار دیکھ
چلا قافلہ پیار کا کہہ سے دل کی بات ۔ ہمارا ساتھ فقط ایک رات کا۔
چلا قافلہ ....
او .... چپکے سے چھیڑ دے تو بات کوئی پیار کی
لوٹ کے نہ آئیں گی یہ رات پھر بہار کی
ہاتھ میں لیلے ہمارا ساتھ فقط ایک رات کا ۔ چلا .....
او پوچھیں گے تم سے جو کل یہ ستارے ۔ کہاں ہیں مسافر وہ ساتھی ہمارے
پھر دل میں چبھے گی بات ۔ ہمارا ساتھ فقط ایک رات کا ۔ چلا ....
او .. ذرا پیار کر لو بچھڑنے سے پہلے ۔ یہ رنگین محفل اجڑنے سے پہلے
دم بھر کی یہ بات ہمارا ساتھ فقط ایک رات کا ۔ چلا ......کہہ لے
رو جن ۔

نمبر ۶

نعمت ملکار نہ یہ چاند ہو گا نہ تارے رہینگے ۔ مگر ہم ہمیشہ تمہارے رہینگے ۔ نہ یہ ...
بچھڑ کر چلے جائیں تم سے کہیں ۔ تو یہ نہ سمجھنا محبت نہیں
جہاں بھی رہیں گے تمہارے رہیں گے ۔ نہ یہ چاند ...
زمانہ اگر کچھ کہے بھی تو کیا ۔ مگر تم نہ کہنا ہمیں بے وفا
تمہارے لئے ہیں تمہارے رہیں گے ۔ نہ یہ چاند ...

یہ ہو گا ستم ہم نے پہلے نہ جانا ۔ بنا بھی نہ تھا جل گیا آشیانہ
کہاں یہ محبت کے مارے رہیں گے ۔ نہ یہ چاند ۔۔۔۔

کامنی :-
نمبر ۷

کون ہوں اور کہاں ہوں ۔ یہ تو نہ جان سکے
میری آواز سے پہچان جو پہچان سکے
اے میرے چمن میں ہوں وہ کلی ۔ جو خزاں میں تجھ سے بچھڑ گئی
کسی بد نصیب کی بات ہوں ۔ جو بنی تو بنکے بگڑ گئی ۔ اے میری ۔۔۔
میری حسرتوں نے غدر ہے ۔ تجھے آج دیکھا جو دور سے
ہے قسم تیری میری جان میں نئی ایک جان سی پڑ گئی ۔ اے میری ۔۔
ذرا دیکھ لے مجھے ایک نظر ۔ تجھے کیا خبر مجھے نے خبر
میری زندگی کی بہار تو تیری آرزو میں اڑ گئی ۔ اے میرے ۔۔۔۔

نمبر ۸

لے لے لے لے لے ۔ چاند گھٹنے لگا ۔ رات بڑھنے لگی
آرزو میرے دل کی مچلنے لگی ۔
او ۔۔۔ میری نند یا سے بوجھل ہیں اکھیاں کہیں
پاس بیٹھو ذرا کچھ کہیں کچھ سنیں ۔ لے لے لے لے لے ۔۔۔
ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا آہیں بھرنے لگی ۔ آرزو ۔۔۔ چاند ۔۔۔۔
رات جاتی ہے جھولی میں تاروں کو لئے ۔ راہ تکتے ہیں ہم تمہارے لئے

سوئی سوئی کلی آنکھ ملنے لگی۔ آرزو .... چاند ....
دیپ تاروں کے بجھنے سے پہلے صنم۔ آج کہنا ہے جو کچھ بھی کہہ لیں صنم
آگ سلگی ہوئی دیکھ جلنے لگی۔ آرزو ....

کامنی :- نمبر ۹

کہاں سے لیکے آئی ہیں کہاں مجبوریاں میری
زباں خاموش آنکھیں کہہ رہی ہیں داستاں میری
میری تقدیر کے مالک میرا کچھ فیصلہ کر دے
بُرا چاہے بُرا کر دے بھلا چاہے بھلا کر دے۔ میری تقدیر کے ....
مجھے اتنا بتا دے میں کہاں جاؤں کدھر جاؤں
کہیں جا نیسے اچھا ہے تیرے قدموں میں مر جاؤں
سہارا دے نہیں سکتا تو پھر بے آسرا کر دے۔ میری ....
نہیں دُنیا میں میرا دوسرا کوئی ٹھکانہ ہے
مجھے تو بس یہیں اپنا مقدّر آزمانا ہے
لیا ہے دل تو میری جان بھی تن سے جُدا کر دے۔ میری ....
مجھے برباد کرنے میں جو ہوتا ہو بھلا تیرا
بُجھا دے اپنے ہاتھوں سے چراغ زندگی میرا
نہیں کوئی گلہ تجھ سے اگر چاہے فنا کر دے۔ میری ....

کامنی :- نمبر ۱۰

رات آئی ہے محبت کی کہانی لیکے۔ چاند نکلا ہے تمنا کی جوانی لیکے
دن نکلتے ہی مجھے دُور کہیں جاتا ہے
آخری رات کی آنکھوں میں نشانی لیکے
میرے ہمسفر تجھے کیا خبر۔ ہے چلا کدھر میرا کارواں
جہاں موت ہی کے ہیں راستے نہیں زندگی کا کوئی نشاں
ہے چلا کدھر میرا کارواں۔ میرے ہمسفر .....
میری زندگی تو ہے رات بھر۔ کوئی بات سُن کوئی بات کر
میری موت تجھکو بُلا رہی۔ ذرا چھیڑ دے کوئی داستاں۔ میرے ....
ذرا اور بھی میرے پاس آ۔ مجھے دیکھ دیکھ کے مُسکرا
گھڑی دو گھڑی کی یہ فرصتیں۔ یہ کہیں نصیب میں پھر کہاں
جہاں موت ہی کے ہیں راستے۔ نہیں زندگی کا کوئی نشاں۔ میرے...

نمبر ۱۱

او نہ نہ نہ۔ جا نا نہ چھوڑ کے دل میرا توڑ کے سجن
ہم کو تو پیاری لگی تمہاری لگن
رات سہاگ کی۔ نہیں نکرار کی۔ پیار کی پیار کی رے
گوری کوئی ریت سے۔ پیا من پریت سے۔ جیت لے جیت لے رے
ہاتھوں میں ہاتھ لے ساجن کے ساتھ چل
اُلفت کی راہی تمہیں دُور ہے جانا۔ بھُول کہیں جانا نا۔ دل میرا دُکھانا نا

لگی ہے دیکھو گوری تیری لگن۔ ن ن ن ......
گوری موری کھو گئی۔ ذرد سے کی ہو گئی۔ ملنا ملانا گوری چھوڑ نہ دینا
ساتھ کبھی چھوٹے نا۔ پریم ڈور ٹوٹے نا۔
سونا ہو جائے نا یہ دل کا چمن۔ ن ن ن ......
راستے میں پیار کے کانٹے بچھے ہیں۔ دامن بچانا گوری لاج بچانا۔
راہ بھول جانا نا۔ چوٹ کبھی کھانا نا۔
چلنا بچا کے ذرا نازک بدن۔ ن ن ن ......
جانا نہ چھوڑ کے۔ دل میرا توڑ کے۔ مجھکو تو پیاری لگی تمہاری لگن
خوشی کی رات میں کیا کام جلنے والوں کا۔ شمع بجھا دو شمع بجھا دو۔
بجھا دو۔ بجھا دو۔ (ختم شد)

فلمستان کی پریاں

جسمیں تمام مشہور ایکٹریس، ایکٹروں ڈائرکٹروں کے حالات زندگی۔ کس نے کس کس فلم میں کام کیا ہے۔ تمام حالات اور مکمل پتے درج کیئے ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹریسوں کے فوٹو بھی دیئے گئے ہیں
قیمت صرف ۔/۔/2 محصولڈاک معاف
منگانے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی